**کل نمبر: 25** **اُردو (چہارم) ٹیسٹ نمبر 1** **وقت: 25 منٹ**

| | |
|---|---|
| دوسرا مہینا، پہلا ہفتہ، چھٹا دن | **سلیبس:** دُہرائی ٹیسٹ سلیبس (پہلا ہفتہ) |

## (حصہ اوّل)

**سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** **(12)**

**1۔ ننھا ہاتھی کہاں سے پانی پی کر پیاس بجھا لیتا تھا؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | تالاب سے | (ب) | ندی نالے سے | (ج) | آب شار سے | (د) | ا،ب دونوں |

**2۔ کس جانور کی گردن لمبی ہوتی ہے؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | ہاتھی کی | (ب) | اونٹ کی | (ج) | زرافے کی | (د) | زیبرا کی |

**3۔ صفائی کو نصف ایمان قرار دیا ہے:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے | (ب) | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے |
| (ج) | حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے | (د) | حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے |

**4۔ بامعنی لفظ کو کہتے ہیں:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | مہمل | (ب) | کلمہ | (ج) | ضرب المثل | (د) | استعارہ |

**5۔ درست اعراب والا لفظ ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | سَنْبھل | (ب) | سِنْبھَل | (ج) | سُنْبھل | (د) | سِنْبھِل |

**6۔ درست فقرے کی نشان دہی کریں:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | یہ ماہِ رمضان کا پہلا مہینا ہے۔ | (ب) | یہ ماہِ رمضان ہے۔ |
| (ج) | یہ رمضان کے مہینے ہیں۔ | (د) | یہ ماہِ رمضان کا ماہ ہے۔ |

**7۔ ''آلودہ'' کا مترادف ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | اچھا | (ب) | بہترین | (ج) | ادنیٰ | (د) | گندا |

**8۔ ''عالیہ نے روزہ رکھا'' جملے میں اس کی نشان دہی کریں:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | عالیہ | (ب) | روزہ | (ج) | رکھا | (د) | ا،ب دونوں |



**9۔ ''داخل'' کا متضاد ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | خارج | (ب) | مدارج | (ج) | معالج | (د) | اندراج |

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 10، 11 اور 12 کے جواب دیں۔**

فہد نے کہا: سکول کے باہر ایک ٹھیلے سے دہی بھلے کھائے تھے۔ ماموں نے کہا: اچھا، پھر تو آپ بیماری کو خود ہی دعوت دیتے ہیں۔ جب تم اس طرح کی آلودہ چیزیں کھاؤ گے تو تمھارے پیٹ میں درد کیوں نہ ہو۔ فہد نے حیرت سے پوچھا: لیکن دہی بھلے تو صاف تھے۔ ماموں نے مسکراتے ہوئے کہا: جہاں کھانے پینے کے ٹھیلے لگے ہوتے ہیں وہاں گرد و غبار ہوتا ہے۔ ہر طرف کوڑا کرکٹ بکھرا پڑا رہتا ہے۔ گندگی سے طرح طرح کے کیڑے مکوڑے، مکھیاں، مچھر اور جراثیم پیدا ہوتے ہیں۔

**10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | صحت و صفائی | (ب) | ہم بنیں گے اچھے شہری | (ج) | ننھا ہاتھی | (د) | گل دستہ |

**11۔ فہد نے ٹھیلے سے کھائے تھے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | گول گپے | (ب) | آلو چنے | (ج) | دہی بھلے | (د) | نان پکوڑے |

**12۔ ''جہاں کھانے پینے کے ٹھیلے لگے ہوتے ہیں وہاں گرد و غبار ہوتا ہے۔'' کس نے مسکراتے ہوئے کہا؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | ماموں نے | (ب) | چچا نے | (ج) | خالو نے | (د) | تایا نے |

## (حصہ دوم)

**(13)**

**سوال نمبر 1: ''میرا اُستاد'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔** **(7)**

**سوال نمبر 2: ''ہمیشہ سچ بولنا چاہیے'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔** **(6)**